ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (684)

25.12.23

**بہاول پور(                )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیرکمانڈ کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع بھر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات ،ضلع بھر میں منعقدہ 44 پروگرامز پر 1000 سے زائد پولیس افسران وجوان اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے فول پروف سیکیورٹی کے احکامات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع بھر میں منعقد ہونے والے پروگرامز پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 1000 سے زائد پولیس افسران وجوانوں کے علاوہ ویلینٹئرز بھی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔تقریبات میں حصہ لینے والے اپنی عبادت گاہوں میں مذہبی رسومات پرامن ماحول میں سرانجام دے سکیں۔ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ایلیٹ فورس اور ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ کو بھی ڈیوٹی پر مامور کیا گیا ہے۔پروگرام میں شامل ہونے والے افراد کی چیکنگ کو یقینی بنایا جارہا ہے جبکہ خواتین کی تلاشی کے لئے لیڈی پولیس اہلکار بھی موجود ہیں۔سیکیورٹی انتظامات کی CCTV کیمروں سے بھی مانیٹرجاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کرسمس تہوار کے موقع پر تفریحی مقامات خاص طور پر چڑیا گھر، نیشنل پارک لال سوہانرا، SS ورلڈ اور دیگر پبلک مقامات پر سیکیورٹی کے انتظامات کو بھی یقینی بنایا جائے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کی ارد گرد گشت کو جاری رکھیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے ارد گرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، اقلیتی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔کرسمس تہوار کے حوالے سے یا کسی بھی ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، جو کرسمس تقریبات کے اختتام تک اپنے فرائض سرانجام دے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع بھر میں ناکہ بندی پوائنٹس پر افسران وجوان الرٹ کھڑے ہیں اور چیکنگ کا سلسلہ جاری



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیرکمانڈ کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع بھر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات، پولیس کے جوان وافسران الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں